تبصرے

احکام شرعیہ میں حالات و زمانہ کی رعایت از مولانا محمد تقی امینی۔ تقطیع متوسط، ضخامت ۲۳۶ صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت درج نہیں، پتہ: سندھ ساگر اکادمی، چوک مینارہ انار کلی لاہور

اس کتاب میں ایک مقدمہ ہے اور تین ابواب۔ مقدمہ میں معاشرہ اور شریعت کے باہمی تعلق پر بحث کی گئی ہے اور اس کے بعد حسب ترتیب قرآن مجید، سنت اور صحابہ کرام کے تعامل سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ احکام شرعیہ میں حالاتِ زمانی و مکانی کی رعایت لازمی طور پر ہوتی ہے۔ اس بنا پر جب حالات بدلتے ہیں تو احکام میں بھی تغیر و تبدل کا ہونا ناگزیر ہے۔ فاضل مصنف کی دوسری کتابوں اور مقالات کی طرح یہ کتاب بھی اپنے موضوع پر بڑی جامع، مبسوط اور مدلل بحث پر مشتمل ہے اور اصل مبحث کے علاوہ ضمناً اور چند مفید مسائل بھی زیر گفتگو آ گئے ہیں۔ زبان و بیان حسب معمول شگفتہ اور برجستہ ہے۔ آج کل اجتہاد اور اس کے مسائل کا عام چرچا ہے۔ اس سلسلہ میں اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید ثابت ہوگا۔

ارکانِ اربعہ از مولانا سید ابوالحسن علی ندوی۔ تقطیع کلاں، ضخامت ۳۶۳ صفحات، کتابت و طباعت اعلیٰ۔ قیمت مجلد -/8، پتہ: مجلس تحقیقات و نشریات اسلام۔ دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔

یہ وہی معرکۃ الآرا کتاب ہے جس کے عربی اڈیشن پر بُرہان میں مفصل تبصرہ شائع ہو چکا ہے اور جس میں عبادات کا فلسفہ ایک بالکل نئے اور والہانہ اور موثر انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ عالم اسلام میں کتاب کی مقبولیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ دو تین برسوں میں ہی اب تک اس کتاب کے عربی میں تین اور ترکی زبان میں دو اڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ انگریزی اڈیشن زیر طبع ہے ممکن ہے اب تک آ بھی چکا ہو اور اب یہ اُردو ترجمہ بڑے اہتمام و انتظام سے مولانا محمد الحسینی کے قلم سے شائع ہوا ہے۔ ترجمہ بہت سلیس، شگفتہ اور رواں دواں ہے۔ امید ہے کہ یہ اردو اڈیشن بھی دوسرے